31مارچ2017ء

اسٹیٹ بینک میں عبدالستار ایدھی کے یادگاری سکّے کی تقریب رونمائی

اسٹیٹ بینک میں آج بروز جمعہ بتاریخ 31مارچ2017ء کو عبدالستار ایدھی مرحوم کی خدمات کے اعتراف میں جاری ہونے والے 50 روپے کے یادگاری سکے کی تقریبِ رونمائی منعقد کی گئی۔ اس موقع پر عبدالستار ایدھی کے صاحبزادے فیصل ایدھی بھی موجود تھے۔ گورنر اسٹیٹ بینک جناب اشرف محمود وتھرا نے یادگاری سکہ فیصل ایدھی کو پیش کیا۔

گورنر اسٹیٹ بینک نے ایدھی مرحوم کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے بتایا کہ اب تک 5 مختلف شخصیات کے حوالے سے یادگاری سکے جاری ہو چکے ہیں جن میں قائداعظم محمد علی جناح، شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبال، محترمہ فاطمہ جناح اور محترمہ بینظیر بھٹو شہید شامل ہیں اور اب عبدالستار ایدھی کا یادگاری سکہ جاری کیا جارہا ہے۔ سماجی شعبے سے منسلک ایدھی صاحب پہلی شخصیت ہیں جن کو اس اعزاز سے نوازا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک میں جولائی 2016ء میں ایک دعائیہ تقریب ہوئی تھی جس میں اس یادگاری سکّے کا اعلان کیا گیا تھا۔ وزیر اعظم صاحب نے ایدھی صاحب کی خدمات کا قومی سطح پر اعتراف کرنے کے لیے اسٹیٹ بینک کی سفارش پر یادگاری سکہ جاری کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ گورنر نے کہا کہ ایدھی فاؤنڈیشن کی خدمات کا وسیع دائرہ اس بات کا عکاس ہے کہ ایدھی صاحب معاشرے کے طرح طرح کے مسائل پر گہری نظر رکھتے تھے۔ خدمات مہیا کرنے میں وہ جغرافیائی حدود، رنگ، نسل، قومیت اور مذہب کی تفریق سے بھی بالاتر تھے۔ ایدھی صاحب کو خراج عقیدت پیش کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ہم اُن کا مشن اپنائیں اور خدمتِ خلق کے تمام کاموں میں بھرپور تعاون کریں۔

فیصل ایدھی نے کہا کہ وہ سکے کے اجرا کے حوالے سے اسٹیٹ بینک اور حکومت پاکستان کے شکرگزار ہیں کہ انہوں نے ایدھی کی انسانیت کے حوالے سے خدمات کے اعتراف میں یہ سکہ جاری کیا ہے۔ ایدھی ہمارے دلوں میں آج بھی زندہ ہیں اور انسانیت کے اس مشن کو تا قیامت چلنا چاہیے تا کہ عوام کو فائدہ پہنچ سکے۔

تقریب کے آغاز میں اسٹیٹ بینک کے ترجمانِ اعلیٰ جناب عابد قمر نے تقریب میں شریک افراد کو خوش آمدید کہا۔ جس کے بعد جناب عابد قمر نے بتایا کہ پاکستان میں یادگاری سکوں کا اجراء پہلی بار بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے یوم ولادت کی صد سالہ تقریبات کے موقع پر کیا گیا اور اس سلسلے میں تین یادگاری سکے جاری کیے گئے تھے۔ اب تک مختلف شخصیات اور مواقع کے حوالے سے 27 سکے جاری کیے جا چکے ہیں جن میں اسلامیہ کالج پشاور اور لارنس کالج کی سو سالہ اور ڈیڑھ سو سالہ تقریبات کے مواقع شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ آج سے یہ سکے ملک بھر میں اسٹیٹ بینک کی شاخوں پر دستیاب ہوں گے۔

تقریب میں اسٹیٹ بینک کے ڈپٹی گورنر ریاض ریاض الدین، ایس بی پی بی ایس سی کے منیجنگ ڈائریکٹر قاسم نواز، بینک کے اعلیٰ عہدیدار اور ایدھی فاؤنڈیشن کے رضا کار بھی موجود تھے۔

****